آئل مارکیٹنگ کمپنی قائم کرنے کے لیے شرائط وضوابط

1۔ ایس ای سی پی سے جاری کردہ مندرجہ ذیل کاغذات کی مصدقہ نقول کی فراہمی

الف۔ رجسٹریشن سرٹیفیکیٹ (ایس ای سی پی کے کسی بااختیار فرد سے تصدیق شدہ)

ب۔ میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن جو ایک سو ملین روپے کی اپ فرنٹ ایکویٹی ظاہر کرے اور کمپنی کو کاروبار کے لیے کم از کم پانچ سو ملین روپے کی سرمایہ کاری کرنے کی اجازت دے۔

ج۔ فارم 29 اور فارم 34 بمعہ دوسرے متعلقہ فارمز اور دستاویزات (ایس ای سی پی کے کسی بااختیار فرد سے تصدیق شدہ)

د۔ کسی مستند آڈیٹر سے آڈٹ شدہ سرٹیفیکیٹ جو ایک سو ملین روپے (پیڈ اپ کیپٹل) کے بارے میں معلومات دے۔

ہ۔ حصص کی تقسیم کا آخری ریٹرن

و۔ آخری آڈٹ شدہ اور مصدقہ بیلنس شیٹ

2۔ تین سال کے دوران کم از کم پانچ سو ملین روپے کی سرمایہ کاری کی فی سال کے حساب سے مندرجہ ذیل تفصیل

ا۔ ہر پراڈکٹ کی اندازاً فروخت

ب۔ حکومتِ پاکستان کی پالیسی کے مطابق 20 دنوں کا ذخیرہ کرنے کے لیے آئل ڈپو کی تعمیر اور اس کا مقام بمعہ سرمایہ کاری کی تفصیل۔

ج۔ صوبوں میں شہری و دیہی تناسب سے پٹرول پمپس کی تعمیر بمعہ سرمایہ کاری کی تفصیل

د۔ کسی بھی بینک یا مالی ادارے سے ایسا سرٹیفیکیٹ یا دستاویز جو یہ ضمانت دے کہ کمپنی حکومت پاکستان کے پالیسی کی شق (5) کے جزو (ب) کی ضروریات کے مطابق فنڈز بڑھانے کی استطاعت رکھتی ہے۔

ہ۔ قومی یا بین الاقوامی ذریعے سے پٹرولیم پراڈکٹس کی رسد کے لیے معاون دستاویز (لیٹر آف سپورٹ)۔

و۔ مناسب دستاویز جو یہ معلومات دے کہ کمپنی کے پاس آئل مارکیٹنگ کے شعبہ میں قومی اور بین الاقوامی طور پر تجربہ کار افرادی قوت موجود ہے۔

ز۔ حکومت پاکستان کی پالیسی میں دیے گئے فارمیٹ کے مطابق بیانِ حلفی جو کمپنی کے بااختیار افسر سے دستخط شدہ ہو بمعہ بااختیار ہونے کے ثبوت کے جو کہ عدالت سے تصدیق شدہ ہوں۔

ح۔ بیانِ حلفی کہ پٹرولیم پراڈکٹس کی نقل وحمل معیاری ٹرانسپورٹ میں کی جائے گی۔

ط۔ بیانِ حلفی کہ کمپنی کسی بھی صورت کسی موجودہ آئل مارکیٹنگ کمپنی کے ساتھ منسلک نہ ہو۔

ی۔ اوگرا کے نام پر پچاس لاکھ روپے لائسنس فیس جو کہ اسلام آباد میں قابلِ ادا ہو۔